ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (380)

مورخہ 13.08.25

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات، اسلحہ ناجائز اور پتنگیں برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ ڈیرہ نواب صاحب، سٹی احمد پور شرقیہ، خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 19 بوتلیں ولائتی شراب، اور 100 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔ تھانہ اوچشریف پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1300 گرام چرس برآمد کرلی۔ اسی طرح اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سٹی یزمان، ہیڈ راجکاں اور تھانہ قائم پور پولیس نے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ جبکہ تھانہ کوتوالی پولیس پتنگ فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 07 پتنگیں اور خطرناک دھاتی ڈوریں برآمد کرلیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات، اسلحہ ناجائز و پتنگیں برآمد